# URDU COURSE (B) CODE - 303

**CLASS X (2020-2021)**

**TIME : 3 Hrs.** **SUBJECT - URDU** **M.M.: 80**

سوال 1 درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھئے۔ 5

ڈاکٹر اے۔ پی۔ جے۔ عبدالکلام کا تعلق تمل ناڈو کے ایک متوسط خاندان سے تھا۔ ان کے والد ماہی گیروں کو اپنی کشتی کرائے پر دیا کرتے تھے۔ اگر چہ وہ ان پڑھ تھے، لیکن عبدالکلام کی زندگی پر ان کے والد کے گہرے اثرات ہیں۔ ان کے دیے ہوئے عملی زندگی کے سبق عبدالکلام کے بہت کام آئے۔ غربت کا یہ عالم تھا کہ ابتدائی تعلیم کے دوران بھی عبدالکلام اپنے علاقے میں اخبار تقسیم کیا کرتے تھے۔ انہوں نے مدراس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے خلائی سائنس میں گریجویشن کی۔ اور اس کے بعد اس کرافٹ منصوبے پر کام کرنے والے دفاعی تحقیقاتی ادارے کو جوائن کیا جہاں ہندوستان کے پہلے سیٹلائٹ طیارے پر کام ہو رہا تھا۔ اس سیارچہ کی لانچنگ میں ڈاکٹر عبدالکلام کی خدمات سنہری حروف سے لکھنے کے قابل ہیں۔ اس کے علاوہ پروجیکٹ ڈائریکٹر کے طور پر عبدالکلام نے 1974 میں بھارت کا پہلا ایٹم بم تجربہ کیا تھا جس کے باعث انہیں میزائل مین بھی کہا جاتا ہے۔ بھارت کے گیارہویں صدر کے انتخاب میں انھوں نے 89 فیصد ووٹ لے کر اپنی واحد حریف لکشمی سہگل کو شکست دی ہے۔ عبدالکلام کے صدر جمہوریہ منتخب ہونے کے بارے میں کسی کو کوئی شبہ نہیں تھا، ووٹنگ محض ایک رسمی کارروائی تھی۔

i- کس کے دیے ہوئے عملی زندگی کے سبق عبدالکلام کے بہت کام آئے؟

A والد کے

B والدہ کے

C بھائی کے

D دوست کے

ii- ابتدائی تعلیم کے دوران عبدالکلام اپنے علاقے میں کیا تقسیم کیا کرتے تھے؟

A اخبار

B پرچہ

C کھلونا

D کشتی

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


-iii ڈاکٹر عبدالکلام نے گریجویشن کہاں سے کی؟

A مدارس انسٹیٹیوٹ آف ٹیکنالوجی سے

B علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے

C جامعہ ملیہ اسلامیہ سے

D بنارس ہندو یونیورسٹی سے

-iv ڈاکٹر عبدالکلام کس نام سے بہت مشہور ہیں؟

A میزائیل مین

B سپر مین

C ایٹم بم کی تجربے سے

D غربت

-v گریجویشن کے بعد ڈاکٹر عبدالکلام نے کہاں جوائن کیا؟

A مدارس انسٹی ٹیوٹ میں

B دفاعی تحقیقاتی ادارے میں

C اسرو میں

D علی گڑھ میں

www.FirstRanker.com

سوال 2 درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5

دیکھ کر چلنا، کچل جائے نہ چیونٹی راہ میں
آدمی کو بے زبانوں سے بھی الفت چاہیئے
ہے اسی میں بھید عزّت کا اگر سمجھے کوئی
چھوٹے بچّوں کو بزرگوں کی اطاعت چاہیئے

علم کہتے ہیں جسے، سب سے بڑی دولت ہے یہ
ڈھونڈ لو اس کو اگر دنیا میں عزّت چاہیے
سب برا کہتے ہیں لڑنے کو ، بری عادت ہے یہ
ساتھ کے لڑکے جو ہوں، ان سے رفاقت چاہیے
ہوں جماعت میں شرارت کرنے والے بھی اگر
دور کی ان سے فقط صاحب سلامت چاہیے

-i شاعر نے کس کو سب سے بڑی دولت کہا ہے؟

A ہیرے کو

B علم کو

C چاندی کو

D زمین کو

-ii لڑنے کو کون لوگ برا کہتے ہیں؟

A سب لوگ

B ڈاکٹر

C پولیس

D وکیل

-iii ساتھ کے لڑکوں سے کیا ہونا چاہیے؟

A حقیقت

B رحمت

C عادت

D رفاقت

www.FirstRanker.com

-iv شرارتی، بچوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہئے؟

Aرحمت

Bحقیقت

Cسلامت

Dرفاقت

-v عزت کا بھید کس میں چھپا ہے؟

Aعلم

Bدوست

Cشرارت

D حماقت

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 questions.

## حصّہ الف (ب) قواعد

سوال۳۔ درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں 16 سوالوں کے جواب لکھئے۔ 4

(1) وہ کام جو گذرے ہوئے زمانے میں کیا گیا ہو، ہے:

A فعل ماضی

B فعل حال

C فعل مستقبل

D فعل مجہول

(2) ''محمود لکھتا ہے'' ہے:

A فعل ماضی

B فعل حال

C فعل مجہول

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice
www.FirstRanker.com www.FirstRanker.com

D فعل مستقبل

(3) کسی خاص شخص، خاص جگہ اور خاص چیز کے نام کو...........کہتے ہیں۔

A اسم نکرہ

B اسم معرفہ

C اسم

D ماضی

(4) کسی شخص، جگہ، چیز اور کیفیت کے نام کو...............کہتے ہیں۔

A ماضی

B حال

C مستقبل

D رسم

(5) الفاظ جو معنیٰ میں ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہوں انہیں کیا کہا جاتا ہے؟

A مترادف الفاظ

B مرکب الفاظ

C متضاد الفاظ

D حروفِ عطف

www.FirstRanker.com

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کے جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 MCQ Questions

سوال۴۔ (1) الفاظ جو معنیٰ میں ایک دوسرے کی ضد ہوں انہیں کیا کہتے ہیں؟ 4

A مرکب الفاظ

B متضاد لفظ

C مترادف الفاظ

D حروف عطف

(2) ''صبح'' کی ضد ہے:

A شام

B رات

C دوپہر

D اندھیری رات

(3) لفظ ''نفع'' کی ضد ہے:

A نقصان

B خراب

C اچھا

D بے کار

(4) بامعنیٰ الفاظ کے بعد آنے والے حروف کو............ کہتے ہیں:

A لاحقہ

B سابقہ

C ضد

D تشبیہ

(5) لفظ گھوڑا کا مونّث ہے:

A گھوڑی

B گھوڑ

C گھڑ

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


D گھڑا

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کا جواب لکھئے۔

Attempt any 4 out of 5 MCQ questions

سوال۵۔ (1) ''سانپ'' کا مؤنث ہے:

A سپا

B سپنی

C سپیا

D سوپ

(2) لفظ کتّا کا مؤنث ہے:

A کتا

B کتیا

C کتہ

D قتا

(3) لفظ ناگن کا مذکر ہے:

A ناگ

B ناگا

C ناگہ

D نگاہ

(4) لفظ مرغی کا مذکر

A مرغا

B مرغہ

www.FirstRanker.com

C مرغیاں

D مرغاں

(5) امر مذکر کے آخر میں ''ا'' یا ''ہ'' تو اسے کس الفاظ میں بدلتے ہیں؟

A ''ی''

B ''الف''

C ''ب''

D ''ت''

درج ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کا جواب لکھئے

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال۶۔ (1) تفصیل کی جمع ہے:

A تفاصیل

B تفصّل

C تفصہ

D تفص

(2) ''وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگائے ہیں اسے...........کہتے ہیں۔

A سکتہ

B ختمہ

C رفقہ

D رابطہ

(3) کسی کی بات کو اسی کے الفاظ میں نقل کرتے ہوئے جو علامت لگائی جاتی ہے اسے کہتے ہیں:

A ''واوین''

www.FirstRanker.com

B سوالیہ نشان

C فجائیہ نشان!

D قوسین ()

(4) سابقہ کی جمع ہے :

A سبق

B اسباق

C بے سبقہ

D لاحقہ

(5) عزت کا بھید کس میں چھپا ہے؟

A علم

B دوست

C شرارت

D حماقت

Attempt all 4 questions.

سوال ۷۔ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار کے سوالوں کے جواب لکھئے۔(محاورے اور کہاوتیں) 4

www.FirstRanker.com

(1) میں اس کی یاد میں رات بھر...........

A روتا رہا

B تارے گنتا رہا

C پریشان ہوتا رہا

D بھاگتا رہا

(2) کافور ہونے کا صحیح استعمال ہے:

A بلی کے آنے سے سارے چوہے ختم ہو گئے

B بلی کے آنے سے سارے چوہے کافور ہو گئے

C بارش کے آنے سے ساری بلیاں بھاگ گئیں

D بلی سوگئی

(3) آنکھ کا تارا ہونا ہے

A بہت شرارتی ہونا

B بہت بے وقوف ہونا

C شوکت اپنے والدین کی آنکھ کا تارا ہے

D احمد اپنے والدین کی مدد نہیں کرتا

(4) اسلم آج کل پرنسپل صاحب کی..............................

A نظروں میں چڑھا ہوا ہے

B پرنسپل صاحب کی بات کو ٹالنا ہے

C نظر سے غائب رہتا ہے

D وقت پر کام نہیں کرتا

www.FirstRanker.com

سوال ۸ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے اور ایک لفظ میں یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5

رضیہ سلطان باقاعدہ دربار لگاتی تھی۔ اس نے برابری اور بھائی چارے کو عام کیا۔ رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو چالیس امیروں میں بانٹا جن سے وہ ملکی معاملات میں مشورہ کرتی تھی۔ اس نے ''میر آخور'' کا سب سے بڑا عہدہ ایک حبشی غلام یاقوت کو دیا کیونکہ وہ ایمان دار اور جفاکش تھا۔ یہ اہم عہدہ اب تک صرف تُرک امیروں کو ملتا تھا۔ یہ بات تُرک امیروں کو پسند نہیں آئی۔ انھوں نے رضیہ کو تخت سے اتارنے کی سازش کی اور بھٹنڈا کے گورنر التونیہ کو بہکا کر بغاوت کروادی۔ جب وہ بغاوت کو کچلنے کے لئے پنجاب میں بھٹنڈا پہنچی تو اس کے سپاہی طویل سفر اور گرمی سے پریشان ہو چکے تھے۔ اگر چہ دونوں فوجوں میں زبردست مقابلہ ہوا مگر رضیہ کی فوج کو ہتھیار ڈالنے پڑے۔ وہ قید کر لی گئی۔ ادھر دلّی میں سازشیوں نے رضیہ کے بھائی بہرام کو تخت پر بٹھا دیا اور بڑے بڑے عہدے آپس میں بانٹ لیے۔ بہرام کمزور بادشاہ ثابت ہوا۔ التونیہ کو جب اپنی غلطی کا احساس ہوا تو اس نے رضیہ سے معافی مانگی اور

اپنی وفاداری کا یقین دلایا پھر دونوں کی شادی ہوگئی۔

-i رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو کتنے امیروں میں بانٹا؟

A تیس امیروں

B چالیس امیروں

C بیس امیروں

D دس امیروں

-ii رضیہ سلطان نے میر آخور کا سب سے بڑا عہدہ کسے دیا؟

A یاقوت کو

B بہرام کو

C التونیہ کو

D اکبر کو

-iii بہرام کیسا بادشاہ ثابت ہوا؟

A کمزور

B طاقتور

C ہوشیار

D بے وقوف

-iv رضیہ سلطان نے حکومت کے اختیارات کو کتنے لوگوں میں تقسیم کیا؟

A چالیس امیروں میں

B تیس امیروں میں

C بیس امیروں میں

D دو امیروں میں

-v رضیہ سلطان کو تخت سے اتارنے کے لئے امیروں نے کیا کیا؟

A التونیہ کو بہکا کر

B التونیہ سے لڑائی کر کے

C التونیہ سے دشمنی کر کے

D التونیہ کو ناپسند کر کے

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


یا

اکبر بادشاہ مغلوں کا بہت مشہور بادشاہ گذرا ہے اس نے لڑائیاں لڑکر ہندوستان کا بہت سا حصہ فتح کرلیا ایک راجپوتانہ رہ گیا تھا۔ اکبر نے چاہا کہ اسے بھی فتح کرے اور وہاں بھی سلطنت کرے یہ ارادہ کر کے راجپوتانہ پر فوج کشی کی راجپوت اپنا ملک بچانے کے لئے لڑے تو بڑی بہادری سے مگر آخر کار ان کے پاؤں اکھڑ گئے راجپوتوں کا سردار رانا پرتاب سنگھ اپنے بچوں کو لے کر کسی جنگل میں جا چھپا۔ راجپوتوں کے سردار کا نام رگھوپت تھا۔ یہ بڑا بہادر اور جری تھا اس نے کچھ لوگ اپنی فوج میں داخل کر لئے تھے اور ان کو ساتھ لیکر لڑا کرتا تھا۔

i- یہ اقتباس کسی سبق سے لیا گیا ہے؟

A نئی روشنی

B رضیہ سلطان

C کارتوس

D قول کا پاس

ii- راجپوتوں کے ایک سردار کا نام؟

A رگھوپت

B امردیت

C سنگھ

D مہاتما

iii- اکبر بادشاہ نے ہندوستان کا کون سا حصہ فتح کیا؟

A ایک علاقہ

B بہت سا حصہ

C ایک شہر

D ایک گاؤں

iv- راجپوت نے اپنا ملک بچانے کے لئے کیا کیا؟

A بزدلی کی

B بے وقوفی کی

www.FirstRanker.com

C بہادری کی

D پیٹھ دکھادی

v- راناپرتاب سنگھ کس جگہ جا کر چھپا؟

A جنگل میں

B شہر میں

C گھر میں

D دریا کے پاس

سوال9 درج ذیل درسی شعری حصّے کوغور سے پڑھیےاوراس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کاانتخاب کیجئے اورایک لفظ میں یاایک جملے میں لکھئے۔ 5

ہے دنیا جس ناؤں میاں یہ اور طرح کی بستی ہے
جومہنگوں کو تو مہنگی ہے اور سستوں کو یہ سستی ہے
یاں ہردم جھگڑے اٹھتے ہیں ہر آن عدالت بستی ہے
گرمست کرے تو مستی ہے اور پست کرے تو پستی ہے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے، یاں سودا دست بدستی ہے
جو اور کسی کا مان رکھے تو پھر اس کو بھی مان ملے
جو پان کھلا دے پان ملے، جو روٹی دے تو نان ملے
نقصان کرے نقصان ملے، احسان کرے احسان ملے
جوجیسا جس کے ساتھ کرے، پھر ویسا اس کو آن ملے
کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں، انصاف اور عدل پرستی ہے
اس ہاتھ کرو اس ہاتھ ملے، یاں سودا دست بدستی ہے

i- درج بالاشعری حصّہ کس نظم سے لیا گیا ہے؟

A نیکی اوربدی

B حمد

C پہاڑ اور گلہری

D اے شریف انسانو!

-ii جو کسی کا مان رکھتا ہے اسے بدلے میں کیا ملتا ہے؟

A ذلّت

B مان

C غربت

D لڑائی

-iii شاعر نے دنیا کو کس طرح کی بستی بتایا ہے؟

A سستی مہنگی

B خراب

C اچھی

D پان

-iv روٹی دینے والے کو کیا ملتا ہے؟

A نقصان

B احسان

C روٹی

D نان

-v نقصان کرنے والے کو بدلے میں کیا ملتا ہے؟

A نقصان

B احسان

C روٹی

D نان

یا

-1 رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے

کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی

جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

-2 دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی

ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی

جو آکے نہ جائے، وہ بڑھاپا دیکھا

جو جاکے نہ آئے، وہ جوانی دیکھی

-i درج بالا شعری حصّے کا تعلق شاعری کی کس صنف سے ہے؟

A رباعی

B غزل

C نظم

D قطعہ

-ii درج بالا شعری حصّے کا تعلق کس شاعر سے ہے؟

A میر تقی میر

B غالب

C میر انیس

-iii اپنی ثنا آپ کون کرتا ہے؟

A خدا

B انسان

C مغرور لوگ

D شریر

www.FirstRanker.com

iv- شاعر نے دنیا کو سرائے فانی کیوں کہا ہے؟

A یہاں بڑھاپا دیکھا

B یہاں جوانی دیکھی

C ہر چیز فنا ہوتا دیکھا

D تینوں صحیح ہیں

v- فروتنی انسان کون ہوتے ہیں؟

A کاہل

B کام کرنے والے

C رتبہ دینے والے

D مغرور لوگ

## حصّہ ب (تحریری مہارت) 40

سوال 10 مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں چار سوالوں کے جواب لکھئے۔ 4x2=8

(1) بریل ایجاد کرنے والے کا نام کیا تھا؟ 2

(2) رگھوپت نے پہرے دار کی مدد کس طرح کی؟ 2

(3) اردو کہاں پیدا ہوئی اور کس زبان سے نکلی؟ 2

(4) لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟ 2

(5) رضیہ سلطان کی خوبیاں کیا تھیں؟ 2

(6) آلودگی سے کیا مراد ہے؟ 2

سوال 11 مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 2x3=6

(1) شاعر نے بیل بوٹوں کو مٹی سے لگایا ہوا کیوں کہا ہے؟

(2) دل میں فروتنی کو جگہ کون دیتا ہے؟

www.FirstRanker.com

FirstRanker.com
Firstranker's choice


(3) ''کچھ دیر نہیں اندھیر نہیں'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

(4) اونٹنی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا؟

سوال 2 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھئے۔ 6

(1) صحت اور کھیل کود وغیرہ

(2) قومی تہوار

(3) تاریخی مقامات کی سیر

(4) پسندیدہ شخصیت

(5) چھٹی کے بعد اسکول کا پہلا دن

سوال 13 (1) اپنے دوست کی شادی میں شرکت کے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھو۔ 5

یا

(2) بہن کی شادی میں شرکت کے لئے دوست کو خط لکھ کر دعوت دیجئے۔

سوال 14 (1) اسکول کے سالانہ جلسہ کی ایک رپورٹ تیار کیجئے۔ 5

یا

(2) کسی کھیل کا آنکھوں دیکھا حال

سوال 15 درج ذیل اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔ 5

(1) کارتوس

(2) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر

(3) قول پاس

سوال 16 درج ذیل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال لکھئے۔ 5

(1) اے شریف انسانو

(2) پہاڑ اور گلہری

(3) نیکی اور بدی

www.FirstRanker.com

www.FirstRanker.com